**26.03.2026**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ................ ارجمند علی خان

**Music**

---------------------------------

☆ وزیرِ اعظم نریندر مودی ایک تازہ عالمی سروے میں 68 فیصد کی مقبولیت کی شرح کے ساتھ دنیا کے سب سے مقبول رہنما کے طور پر ابھرے ہیں۔

☆ ریلوے کا محکمہ مختلف Zones میں اپنے مواصلاتی بنیادی ڈھانچے کو جدید طرز پر ڈھالے گا اور ریل گاڑیوں کے ٹکرانے کے حادثوں کو روکنے کیلئے Kavach نظام کو وسعت دے گا۔

☆ آندھرا پردیش میں ایک بس حادثے میں 13 افراد کی موت ہوگئی۔ صدرِ جمہوریہ، نائب صدر اور وزیرِ اعظم نے لوگوں کی اموات پر رنج و غم کا اظہار کیا ہے۔

☆ اقوامِ متحدہ کے سکریٹری جنرل Antonio Guterres نے انسانی بحران اور اقتصادی مضمرات کا حوالہ دیتے ہوئے، مغربی ایشیا میں جاری لڑائی فوری طور سے روکے جانے پر زور دیا ہے۔

☆ آج ملک کے مختلف حصوں میں بھگوان رام کے جنم کی یاد میں رام نومی جوش و خروش کے ساتھ منائی جارہی ہے۔

☆ اور چھتیس گڑھ میں جاری کھیلو انڈیا قبائلی گیمز میں کرناٹک تمغے جیتنے میں سرِفہرست ہے۔

--------------------------------------

**Music**

اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

**PM Modi Global Popularity**

وزیرِ اعظم نریندر مودی کو ایک بار پھر دنیا کے سب سے مقبول رہنما کے زمرے میں رکھا گیا ہے۔ انہیں امریکہ میں واقع ڈیٹا Analytics فرم Morning Consult کے تازہ عالمی سروے میں 68 فیصد مقبولیت کی شرح کے ساتھ یہ رتبہ حاصل ہوا ہے۔

یہ سروے 2 سے 8 مارچ کے درمیان کرایا گیا تھا۔ اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ وزیرِ اعظم مودی دیگر عالمی رہنماؤں کے مقابلے میں نمایاں برتری برقرار رکھے ہوئے ہیں۔

اِس کے برعکس امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ کو صرف 39 فیصد کی مقبولیت حاصل ہوئی اور چوٹی کے 10 رہنماؤں میں اُن کا نام نہیں ہے۔x

**Rev. PM Jewar Airport**

وزیراعظم نریندر مودی، ہفتے کے روز اترپردیش کے جیور میں نوئیڈا بین الاقوامی ہوائی اڈے کے پہلے مرحلے کا افتتاح کریں گے۔ یہ ہوائی اڈہ، تقریباً گیارہ ہزار 200 کروڑ کی کُل سرمایہ کاری سے تعمیر کیا گیا ہے۔ ایک پائیدار اور مستقبل کیلئے تیار بنیادی ڈھانچے کے پروجیکٹ کے طور پر ڈیزائن کردہ نوئیڈا بین الاقوامی ہوائی اڈے کا مقصد کاربن کے اخراج کے بغیر سہولت کے طور پر کام کرنا، توانائی کے موثر نظام کو مربوط کرنا اور ماحولیات کے سلسلے میں ذمہ دارانہ طور طریقے اختیار کرنا ہے۔ نوئیڈا بین الاقوامی ہوائی اڈہ، ملک میں سب سے بڑے گرین فیلڈ ایئر پورٹ پروجیکٹوں میں سے ایک ہے۔ اِس ہوائی اڈے کا آغاز، شہری ہوابازی کا ایک عالمی مرکز بننے کے سلسلے میں بھارت کے سفر میں ایک اہم سنگِ میل ہوگا۔

قومی راجدھانی خطے کیلئے ایک اہم بین الاقوامی راہداری کے طور پر تصور کیے گئے اِس ہوائی اڈے سے ہوائی اڈوں سے متعلق ملک کے بنیادی ڈھانچے کو مضبوطی فراہم ہوگی اور علاقائی اور بین الاقوامی کنکٹی وٹی میں اضافہ ہوگا۔x

**Railway Communication**

ریلویز نے اپنے مواصلاتی بنیادی ڈھانچے کو جدید طرز پر ڈھالنے اور مختلف Zones میں Kavach خودکار ٹرین تحفظاتی نظام کو وسعت دینے کی خاطر بارہ سو کروڑ روپے سے زیادہ مالیت کے پروجیکٹوں کو منظوری دی ہے۔ ریلوے کی وزارت نے بتایا ہے کہ اِن پروجیکٹوں کا مقصد جدید طرز کے فائبر مواصلاتی نظام اور بہتر بنائے گئے سیفٹی نظام کے ذریعے ریل نیٹ ورک کو مزید مستحکم بنانا ہے۔

وزارت کے مطابق وسطی ریلوے کے پانچوں ڈویژنوں میں مضبوط دوہرا فائبر مواصلاتی نیٹ ورک قائم کرنے کیلئے دو بڑے پروجیکٹوں کو منظوری دی گئی ہے، جن پر 600 کروڑ روپے سے زیادہ کی لاگت آئے گی۔

سیفٹی اقدامات کا حوالہ دیتے ہوئے، وزارت نے کہا ہے کہ ریل گاڑیوں کے آپس میں ٹکرانے کی روک تھام کیلئے ملک میں ہی تیار کئے گئے Kavach نظام کو تمل ناڈو، کیرالہ اور کرناٹک میں 548 کلومیٹر کے روٹ پر نصب کیا جائے گا، جہاں زیادہ ریل ٹریفک ہوتا ہے۔ اِس پر 300 کروڑ روپے سے زیادہ کی لاگت آئے گی۔ x

**Rijiju - West Asia Crisis**

پارلیمانی امور کے وزیر کرن رجیجو نے کہا ہے کہ جاری مغربی ایشیا بحران کے باوجود وزیر اعظم نریندر مودی کے زیرِ قیادت بھارتی معیشت اچھی کارکردگی کا مظاہرہ کررہی ہیں۔ آج نئی دلّی میں ایک نجی چینل کی جانب سے منعقدہ ایک سمٹ سے خطاب کرتے ہوئے جناب رجیجو نے کہا کہ بھارت، توانائی کے اپنے وسائل کیلئے دیگر ممالک منحصر ہے اور وہ توانائی کے اپنے بحران سے بخوبی نمٹ رہا ہے۔ جناب رجیجو نے اِس بات پر بھی زور دیا کہ بھارتی جہاز آبنائے ہرمز کے راستے مسلسل بحفاظت گزر رہے ہیں، جس سے بھارت کی مضبوط سفارتی رابطوں اور عالمی رتبے کی عکاسی ہوتی ہے۔ جناب رجیجو نے اجاگر کیا کہ وزیر اعظم مودی، امریکہ کے صدر، اسرائیل کے وزیر اعظم، ایران کے صدر اور خلیجی ممالک کے سبھی سربراہانِ حکومت سمیت عالمی رہنماؤں سے مسلسل رابطے میں ہیں۔x

**AP Accident**

آندھرا پردیش کے Markapuram ضلعے میں آج صبح Rayavaram کے نزدیک ایک ٹرک سے ٹکرانے کے بعد ایک پرائیویٹ بس میں آگ لگ گئی۔ اِس واقعے میں کم از کم 13 افراد جھلس گئے، جبکہ 22 لوگ زخمی ہوئے ہیں۔ آگ لگنے سے بس اور ٹرک دونوں ہی خاکستر ہوگئے۔

اِس بس میں 35 مسافر سوار تھے۔ زخمیوں کو Markapuram کے سرکاری اسپتال میں داخل کرایا گیا ہے۔

صدرِ جمہوریہ، نائب صدر اور وزیرِ اعظم نے اِس حادثے پر رنج و غم کا اظہار کیا ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو نے سوگوار کنبوں سے تعزیت کا اظہار کیا ہے۔

نائب صدر سی پی رادھا کرشنن نے اِس واقعے کو بہت دردناک قرار دیتے ہوئے، زخمیوں کی جلد صحت یابی کیلئے دعاء کی ہے۔

وزیرِ اعظم نریندر مودی نے بھی اِس بس حادثے میں لوگوں کی اموات پر دکھ کا اظہار کیا ہے۔ جناب مودی نے مرنے والوں کے لواحقین کیلئے وزیرِ اعظم کے قومی امدادی فنڈ سے دو - دو لاکھ روپے کی امداد کا اعلان کیا ہے، جبکہ زخمیوں کو 50 - 50 ہزار روپے دیئے جائیں گے۔

ریاست کے وزیرِ اعلیٰ چندر بابو نائیڈو نے اِس بس حادثے پر صدمے کا اظہار کرتے ہوئے، ضلع حکام کو ہدایت دی ہے کہ وہ زخمیوں کے ہر ممکن بہتر علاج کو یقینی بنائیں۔ وزیرِ اعلیٰ نے اِس واقعے کی تفصیلی تحقیقات کرائے جانے کا بھی حکم دیا ہے۔x

**UN Chief Iran War**

اقوامِ متحدہ کے سکریٹری جنرل Antonio Guterres نے خبردار کیا ہے کہ مغربی ایشیا میں جاری لڑائی سے سب سے غریب اور کمزور طبقوں کے افراد بہت زیادہ متاثر ہورہے ہیں۔ انہوں نے جنگ کو فوری طور سے روکے جانے اور سفارتکاری کیلئے پھر سے کوششیں کرنے پر زور دیا ہے۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر جناب Guterres نے کہا کہ اِس لڑائی کے انسانی بحران کے اثرات اُن عام شہریوں پر پڑ رہے ہیں، جن کا اِس محاذ آرائی سے کوئی سروکار نہیں ہے۔ اقوامِ متحدہ کے سربراہ نے زور دے کر کہا کہ ڈپلومیسی اور بین الاقوامی قوانین کی پاسداری اِس بحران کا واحد قابلِ عمل حل ہے۔x

**Trump China Visit**

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے اعلان کیا ہے کہ چین کے صدر Xi Jinping سے بیجنگ میں اُن کی ملاقات کی نئی تاریخ 14 اور 15 مئی ہوگی۔ ایران میں امریکہ کی فوجی کارروائی کی وجہ سے اس ملاقات کو ملتوی کر دیا گیا تھا۔ ٹرتھ سوشل پر اپنی پوسٹ میں صدر ٹرمپ نے کہا کہ وہ اور خاتونِ اوّل ملینیا ٹرمپ، اس سال بعد میں واشنگٹن میں چین کے صدر Xi اور مادام پینگ کی میزبانی کریں گے۔ صدر ٹرمپ نے اِن دوروں کو تاریخی اور یادگار قرار دیا۔

وہائٹ ہاؤس پریس سکریٹری Karoline Leavitt نے ملاقات کی نئی تاریخوں کی تصدیق کی ہے اور کہا ہے کہ صدر Xi، جاری فوجی کارروائیوں کے دوران صدر ٹرمپ کی امریکہ میں موجودگی کی ضرورت کو سمجھ چکے ہیں۔×

## Ram Navami

آج ملک کے مختلف حصوں میں مریادا پرشوتم بھگوان سری رام کا یومِ پیدائش، رام نومی منائی جارہی ہے۔ اِس تہوار کی گہری مذہبی اور ثقافتی اہمیت ہے اور یہ لوگوں کو سچ، انصاف، اخلاقی اقدار اور فرائض کی انجام دہی کے نظریات کی پابندی کرنے کی ترغیب دیتا ہے، جیسا کہ بھگوان رام کی زندگی سے ظاہر ہوتا ہے۔

**SB - 1400 - Ram Navami Song**

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو، نائب صدر سی پی رادھاکرشنن اور وزیر اعظم نریندر مودی نے رام نومی کے موقع پر لوگوں کو مبارکباد دی ہے۔ اپنے پیغام میں صدر جمہوریہ نے کہا کہ بھگوان سری رام ہمیں معاشرے کے تئیں اپنے فرائض ادا کرنے کی تحریک دیتے ہیں۔ نائب صدر نے بھگوان رام کو صبر، قربانی اور عدل و انصاف کی علامت قرار دیا۔

سوشل میڈیا پر اپنا ویڈیو شیئر کرتے ہوئے وزیر اعظم مودی نے کہا کہ بھگوان رام کے نظریات نہ صرف بھارت کے لوگوں، بلکہ پوری انسانیت کی رہنمائی کرنا جاری رکھیں گے۔×

## Jaishankar France

وزیرِ خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر آج سے فرانس کے دو دن کے دورے پر رہیں گے۔ وہ ساجھیدار ملکوں کے ساتھ G7 وزراء خارجہ کی میٹنگ میں شرکت کریں گے۔ وزارتِ خارجہ کے مطابق، امید ہے کہ ڈاکٹر جے شنکر G7 وزراء خارجہ کی میٹنگ کے موقع پر اپنے ہم منصب وزیروں کے ساتھ دو طرفہ بات چیت بھی کریں گے۔x

## Nepal Oath

نیپال کے ایوانِ نمائندگان کے سب سے سینئر ممبر ارجن نرسنگھ KC نے عہدے اور رازداری کا حلف لیا ہے۔ وہ نیپالی کانگریس پارٹی سے منتخب ہوئے ہیں۔ آج صدر دفتر شیتل نِواس میں منعقدہ ایک تقریب میں نیپال کے صدر رام چندر Paudel نے انہیں عہدے کا حلف دلایا۔ ارجن نرسنگھ KC، پانچ مارچ کو ایوانِ نمائندگان میں ہوئے چناؤ میں نیپالی کانگریس سے متناسب نمائندگی کے نظام کے تحت منتخب ہوئے تھے۔ اُن کی حلف برداری کے بعد، اب ایوانِ نمائندگان کے دیگر سبھی 274 ارکانوں کو عہدے اور رازداری کا حلف دلایا جائے گا۔ 27 مارچ کو شیتل نِواس میں Balendra Shah کے نئے وزیر اعظم کی حیثیت سے حلف لینے کا امکان ہے۔×

## Bangladesh Bus Accident

بنگلہ دیش کے راج باڑی ضلع میں ایک مسافر بس کے پدما دریا میں گرجانے کے حادثے میں کم از کم 25 افراد کی موت ہوگئی۔ وہاں بڑے پیانے پر بچاؤ کارروائی شروع کی گئی ہے۔ بنگلہ دیش فائر سروس اور سول ڈیفنس کے مطابق، بس کے

اندر سے خواتین اور بچوں سمیت 23 افراد کی لاشیں نکالی گئی ہیں۔ دو دیگر افراد کو زندہ باہر نکالا گیا تھا مگر وہ بعد میں اسپتال میں چل بسے۔ حادثے کے فوراً بعد مقامی لوگوں نے کئی مسافروں کو بچا کر زندہ باہر نکالا۔

فائر سروس کے غوطہ خوروں، فوج، پولیس، کوسٹ گارڈ اور فیری کے حکام سمیت مختلف ایجنسیوں نے بچاؤ کارروائی انجام دی۔ ابتدائی اطلاعات سے ظاہر ہوتا ہے کہ ایک فیری کشتیوں کیلئے بنائے گئے عارضی پُل سے ٹکرا گئی، جہاں یہ بس کھڑی ہوئی تھی۔ اس کے بعد یہ بس دریا میں جا گری۔

کچھ مسافر تیر کر کنارے پر آگئے، جبکہ کئی لوگ بس کے اندر پھنس کر رہ گئے۔ حکام نے حادثے کی وجہ کی تحقیقات کیلئے ایک پانچ رکنی جانچ کمیٹی تشکیل دی ہے۔x

## Bangladesh 56th Independence Day

بنگلہ دیش 1971 کی جنگ آزادی کے بعد ملک کے قیام کے تاریخی واقعے کی یاد میں آج اپنا 56 واں یومِ آزادی اور قومی دن منا رہا ہے۔ 26 مارچ 1971 کو پاکستان سے آزادی کے اعلان کی یاد میں یہ دن منایا جاتا ہے اور اِس موقعے پر اُن لاکھوں افراد کی قربانیوں کو خراجِ عقیدت پیش کیا جاتا ہے، جنھوں نے اقتدارِ اعلیٰ کیلئے جدوجہد کی۔ صدر محمد شہاب الدین اور وزیرِ اعظم طارق رحمان نے آج صبح سویرے ڈھاکہ کے مضافات میں واقع ساور کے مقام پر شہیدوں کی قومی یادگار پر گلہائے عقیدت نذر کرکے شہداء کو خراجِ عقیدت پیش کیا۔ گلہائے عقیدت نذر کرنے کے بعد انہوں نے احترام کے طور پر خاموشی اختیار کی۔ مسلح افواج کے ایک دستے نے ''لاسٹ پوسٹ'' کی دھن کے ساتھ سرکاری طور پر سلامی پیش کی۔x

## Football SAFF

20 سال تک کی عمر کے کھلاڑیوں کی جنوب ایشیائی فٹبال فیڈریشن SAFF چمپئن شپ میں آج مالے میں، بھارتی ٹیم پاکستان کے خلاف مقابلے کے ساتھ اپنی مہم کا آغاز کرے گی۔ بھارت کے ساتھ ساتھ گروپ بی میں پاکستان اور بنگلہ دیش ہیں۔ تین ٹیموں کے اِس گروپ میں ہر پوائنٹ اہمیت کا حامل ہے۔ ہفتے کے روز بھارت اپنے دوسرے میچ میں بنگلہ دیش سے مقابلہ کرے گا۔x

## Khelo India

چھتیس گڑھ میں کھیلو انڈیا قبائلی گیمز کے تحت آج دوسرے دن بھی مقابلے جاری ہیں۔ کرناٹک سونے کے پانچ اور چاندی کے دو تمغے جیت کر سرِفہرست ہے، جبکہ اڈیشہ دوسرے مقام پر ہے۔ اُس نے سونے کا ایک، چاندی کا ایک اور کانسے کے تین تمغے جیتے ہیں۔

اِدھر آسام سونے اور چاندی کا ایک - ایک تمغہ جیت کر تیسری پوزیشن پر ہے۔

آج رائے پور میں تیراکی، ویٹ لفٹنگ، ہاکی اور فٹبال کے مقابلے ہورہے ہیں۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆